121

Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ بروز شنبہ بتاریخ ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۲ھ مطابق ۷ اپریل ۱۹۳۴ء جلد

حصہ اول

خلاصہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

(۱)	رخصت کپتان آغا ذاکر حسین صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر	۲
(۲)	رخصت مولوی ذوالفقار علی خاں صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری	〃
(۳)	رخصت کپتان محمود علی خاں صاحب کمانڈنگ افسر (رامپور روہیلا لانسرز)	〃
(۴)	تبدیلی تاریخ ووٹ دہندگان میونسپلٹی	۳
(۵)	رخصت لفٹننٹ ایڈجوٹنٹ ڈاملیجان (سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری)	〃

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ ڈبہا کونسل

حکم

واقع ۱۰ مارچ ۱۹۳۲ء

نظری تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر موسومہ
صاحب چیف منسٹر بہادر دربارۂ منظوری رخصت
دو ماہ معہ تنخواہ پیشگی مطلوبہ کپتان آغا
ذاکر حسین صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر ہاؤس ہولڈ
از یوم استفادہ بغرض زیارت اماکن مقدسہ
بدیں صراحت کہ اسسٹنٹ کنٹرولر صاحب کی عدم
موجودگی میں سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی
کام کے ذمہ دار رہیں گے۔

حکم

رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ دو ماہ کی تنخواہ پیشگی دلا دی جائے

حکم ہوا کہ

کاغذات برائے اجرائے احکام صدر کو مرسل ہوں۔
ایک نقل صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ ڈبہا کونسل

حکم

واقع ۱۰ مارچ ۱۹۳۲ء

مثنہ تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر دربارۂ منظوری رخصت
رعایتی سات یوم مطلوبہ مولوی ذوالفقار علیخان
صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری از ۹ مارچ
لغایۃ ۱۶ اپریل ۱۹۳۲ء بضرورت شرکت آمد کار فرزند
تقریب عقد خود بذمہ داری انسپکٹر حلقہ

حکم

صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کی سات یوم رخصت
رعایتی منظور ہے۔ انسپکٹر حلقہ کام کے ذمہ دار رہیں گے
سررشتہ صادر احکام جاری ہوں۔ بعد اجرائے
کاغذات کونسل میں پیش ہوں۔

(دستخط صاحب پریسیڈنٹ ڈبہا کونسل)

حکم

واقع یکم اپریل ۱۹۳۲ء

مثنہ تحریر صاحب آرمی منسٹر بہادر موسومہ صاحب چیف منسٹر بہادر
دربارۂ منظوری رخصت ڈیڑھ یوم کپتان محمود علیخان صاحب
کمانڈنگ آفیسر رامپور رسالہ لانسرز بغرض
روانگی جگر و بنا بر انتظام جائداد و خود بذریعہ لاری
کپتان عبد العلیخاں اسکواڈرن ہیڈ بائی گارڈ

حکم

کمانڈنگ آفیسر رامپور رسالہ لانسرز کی ڈیڑھ یوم کی رخصت
رعایتی منظور ہے۔ ایام رخصت میں کپتان عبد العلیخاں
کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ سررشتہ صادر احکام
ضابطہ۔ اور آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری
ہو۔ کاغذات کونسل میں پیش کئے جاویں۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ ڈبہا کونسل

حکم

واقع ۲ر اپریل ۱۹۳۳ء

قبل ازیں حکم جاری کیا گیا تھا۔ کہ ۵ار اپریل ۱۹۳۳ء کو میونسپلٹی میں انتخاب کی کارروائی عمل میں لائی جائے
چونکہ ۵ار اپریل ۱۹۳۳ء سے رسومات عزاداری محرم الحرام شروع ہو جاتی ہیں لہذا ۱۳/۱۴ر اپریل ۱۹۳۳ء کو انتخاب کی کارروائی کی جائے۔

صاحب ایگزیکیٹو افسر میونسپلٹی باعلان عام جملہ ووٹ دہندگان کو اس ترمیم کی اطلاع دیدیں۔ بتاریخ مذکور ۱۰ بجے صبح سے ۴ بجے شام تک انتخاب کا کام کلیۃً ختم ہو جائے۔ نیز جملہ محکمہ جات کو اطلاع دی جائے۔ کہ ہر اس ملازم کو جو اپنا ووٹ استعمال کرنا چاہے۔ نیز ان اہل معاملہ کو اور ان کے وکلاء کو جن کے مقدمات یا معاملات دفاتر اور عدالتوں میں ہوں۔ جائے انتخاب پر جانے۔ اور رائے دینے کا کافی موقعہ دیئے جانے کے واسطے سہولت بہم پہنچائی جائے اور اس امر کا کافی لحاظ رکھا جائے کہ انکی عدم موجودگی کے سبب سے ان کے معاملات میں کوئی ایسا حکم نہ دیا جائے جو انکے حقوق پر اثر انداز ہو۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجراء روبکار ہذا اطلاعاً کونسل میں پیش ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل

حکم

واقع ۲۰ر اپریل ۱۹۳۳ء

نسبت تحریر جناب آنریری منسٹر بہادر بتوسط جناب چیف منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت عاجلی آٹھ یوم لفٹیننٹ ایڈجوٹنٹ ہادی علیخاں سکنڈ رامپور انفنٹری از ۲ر لغایت ۹ر اپریل ۱۹۳۳ء بغرض رہائی خادمان بذمہ داری جمعدار جسٹین امجد علیخاں

حکم

حسب سفارش صاحب آنریری منسٹر بہادر لفٹیننٹ ایڈجوٹنٹ ہادی علیخاں سکنڈ رامپور انفنٹری کی آٹھ یوم کی رخصت عاجلی منظور ہے۔ جمعدار جسٹین امجد علیخاں کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آنریری ہیڈ کوارٹرز آرڈر دیا جائے

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل